نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سر آغا خان سوئم روڈ لاہور

Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com

www.facebook.com/AgriDepartment Twitter:@agri_department

پریس ریلیز

پنجاب میں پائیدار زرعی ترقی کے انقلابی منصوبہ کے ذریعے صوبہ میں موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے،جدید نظام آبپاشی کی تنصیب اور منافع بخش زراعت کو فروغ دینے میں مدد ملے گی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 04مارچ 2024: ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق صوبہ میں موسمیاتی تبدیلیوں کے مضر اثرات کو کم کرنے کے لئے" پنجاب میں پائیدار زرعی ترقی کے انقلابی منصوبہ "پر عملدر آمد جاری ہے۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ اس منصوبہ کے ذریعے کاشتکاروں کو جدید نظام آبپاشی کی سہولیات دینے کے لئے مجموعی طور پر 68 ارب روپے کی لاگت سے اس پانچ سالہ منصوبہ پر عملدر آمد جاری ہے جس کیلئے 45ارب روپے سے زائد عالمی بینک معاونت فراہم کر رہا ہے۔اس منصوبہ کے تحت 3 ہزار کھالہ جات کو پختہ کیا جا رہا ہے، 40 ہزار ایکڑ پر ہائی ایفیشنسی نظام آبپاشی اور 20 ہزار ایکڑ پر سولر سسٹم کی تنصیب اور 1 ہزار پانی ذخیرہ کرنے والے تالابوں کی تعمیر کا کام جاری ہے جس سے صوبہ بھر میں سالانہ 10لاکھ ایکڑ فٹ پانی کی بچت ہوگی اور قریباً 6لاکھ ایکڑ تک پانی کی نقل وحمل میں بہتری آئے گی جس سے کاشتکاروں کے مابین پانی کی تقسیم میں 40 فیصد تک بہتری پیدا ہوگی۔اس منصوبہ کی تکمیل سے 13لاکھ سے زائد دیہی فارم خاندانوں کو براہ راست فائدہ حاصل ہوگا اور کاشتکاروں کو ویلیو ایڈیشن اور منافع بخش فصلات کے بارے میں آگاہی فراہم کی جائے گی۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے بتایا کہ اس منصوبہ سے زرعی شعبہ میں پانی کی پیداواری صلاحیت کو بڑھایا جائے گا جس سے چھوٹے کاشتکاروں کو براہ راست فائدہ ہوگا۔اس کے علاوہ اس منصوبہ کے تحت موسمیاتی تبدیلیوں کے اثرات کو کم کرنے میں بھی معاونت ملے گی۔اس منصوبہ سے 40ہزار ایکڑ رقبہ پر کلائمیٹ سمارٹ ٹیکنالوجیز کے استعمال سے گرین ہاؤس گیس کے اخراج میں 15 ہزار ٹن کی واقع ہوگی۔اس کے ساتھ صوبہ پنجاب میں فصلوں کی پیداوار میں 25 فیصد جبکہ پانی کی پیداواری صلاحیت میں 20 فیصد تک بہتری آئے گی۔اس منصوبہ سے 5 ہزار سے زائد دیہی نوجوانوں کے لئے روزگار کے مواقع بھی پیدا ہوں گے۔

☆☆☆☆